CADET COLLEGE PETARO

ENTRY TEST PAPER

TIME: 1 HOUR **CLASS: PRE O LEVEL URDU** **MAX:MARKS 100**

....

Part 1- Language Usage:

سوال نمبر1۔ نیچے دیئے گئے محاوروں سے اردو میں اس طرح جملے بنائیں کہ ان کے معنیٰ واضح ہو جائیں۔ **[10]**

(i) دل دُکھانا۔

____

____

(ii) خواب سجَانا۔

____

____

(iii) آنکھیں دِکھانا۔

____

____

(iv) منہ بنانا ۔

____

____

(v) اُلو بنانا۔

____

____

سوال نمبر۔2 نیچے دیئے گئے جملوں کو فعلِ ماضی (**Past Tense**) میں تبدیل کریں۔ **[10]**

مثال: اُسے جب بھی ضرورت پڑتی ہے وہ مدد مانگنے چلی آتی ہے۔

اُسے جب بھی ضرورت پڑی، وہ مدد مانگنے چلی آئی۔

(i) اگلے سال احمد اسکول جائے گا۔

____

(ii) اس ہفتے اسکول میں داخلے ہو رہے ہیں۔

____

(iii) آنے والے زمانے میں لوگ بہت زیادہ مصروف ہوں گے۔

____

(iv) ہمیں آج آفس سے گھر جلدی گھر جانا پڑے گا۔

____

(v) اس ماہ پیٹرول کی قیمت کم ہوگئی ہے۔

____

سوال نمبر۔3 خط کشیدہ (Under Lline) الفاظ کو ایسے بدلیں کے مطلب الٹ ہو جائے۔ [10]

مثال: نیک لوگ اچھے کاموں کے وجہ سے جنت میں جائیں گے۔

گناہ گار لوگ برے کاموں کی وجہ سے دوزخ میں جائیں گے۔

(i) محنتی لوگ کامیاب ہو جاتے ہیں۔

(ii) سچ بولنے سے ہمیشہ عزت ملتی ہے۔

(iii) چھوٹے بچے ناسمجھ ہوتے ہیں۔

(iv) مل جل کر کام کرنے سے کام آسان ہو جاتا ہے۔

(v) رات میں جلدی سونے سے صحت اچھی رہتی ہے۔

سوال نمبر4۔ واحد کی جمع بنائیں اور جمع سے جملے بنائیں۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ جملے بامعنی ہوں۔ [10]

مثال: کرسی: کرسیاں۔ کلاس میں طبا کے لیے کرسیاں ترتیب سے رکھی ہوئی ہیں۔

واحد	جمع	جملے
(i) مریض۔	________	________
(ii) مشکل۔	________	________
(iii) کتاب۔	________	________
(iv) غریب۔	________	________
(v) استاد۔	________	________

سوال نمبر5۔ خالی جگہوں کو پُر کرنے کے لیے کچھ الفاظ عبارت کے نیچے دیئے گئے ہیں ۔ان الفاظ سے صحیح الفاظ چن کر خالی جگہ میں لکھیں ۔ **[10]**

آج کل نہ صرف بچوں بلکہ جوانوں کو بھی کتابیں اور--------------- پڑھنے میں کوئی --------------- نہیں رہی ۔ اکثر لوگ یہ کہتے ہیں کہ یہ صورتِ حال انٹرنیٹ اور موبائل کہ وجہ سے ہے ۔آج کل انٹرنیٹ پر تمام تازہ--------------- مل جاتی ہیں ۔اس کے علاوہ مختلف تفریحی پروگراموں کے ذریعے لوگوں کی انٹرنیٹ سے دلچسپی بھی --------------- رہتی ہے ۔مگر انٹرنیٹ کی اہمیت اپنی جگہ کتاب اور اخبار کی اہمیت اپنی جگہ لوگوں کو دوبارہ پڑھنے کی طرف متوجہ کرنے کے لیے ہمیں جلد ہی چند--------------- بنانے پڑیں گے ۔

کھانا	اخبارات	ہڈیاں	موبائل فون	دل چسپی	ترقی	معلومات
برقرار	خبریں	باقی	شوق	ترکیبیں	مناسب	منصوبے

Part 2.Composition:

سوال نمبر6۔ اپنے دوست کو خط لکھ کر بتائیں کہ آپ بڑے ہو کر کیا بننا چاہتے ہیں اور اس کے لیے آپ کیا کوششیں کر رہے ہیں ۔ **[26]**

یا

نیچے دیے گئے موضوع پر تین اشاروں کی مدد سے 150 الفاظ کا ایک مضمون تحریر کیجیے ۔اس بات کا خیال رکھیں کہ ہر اشارے پر کم از کم دو دو باتیں لکھیں ۔

ریل گاڑی کی اہمیت

ریل گاڑی کے فائدے ۔

آپ کے شہر یا ملک میں ریل گاڑی کی صورتِ حال کیسی ہے؟

آپ نے ریل گاڑی کا سفر کب اور کہاں کا کیا تھا اور یہ سفر کیسا گزرا تھا؟

Part 3.Comprehension

سوال نمبر: 7 مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھیں اور پھر دیے گئے سوالوں کے جواب جہاں تک ممکن ہو سکے اپنے الفاظ میں لکھیں۔ **[24]**

پچھلے دنوں لاہور اور اس کے اردگرد میں چھا جانے والی گہری دھند نے پھر فضائی آلودگی کے حوالے سے بہت سوالات پیدا کیے ہیں۔ لاہور میں کئی ہفتوں تک چھائی رہنے والی گہری دھند نے زندگی کو مشکل کر دیا تھا۔ یہ علاقے ملک بھر سے کٹ گئے، موٹروے اور دیگر سڑکوں پر ٹریفک بھی بند ہو گیا۔ اتنی زیادہ دھند تھی کہ خود اپنا ہاتھ بھی نظر نہیں آ رہا تھا۔ اس وجہ سے بہت سے خطرناک حادثے ہوئے۔ بہت سی پروازیں بھی روک دی گئی اور ہزاروں مسافر سامان لیے ایرپورٹ پر کھڑے دھند ختم ہونے کا انتظار کرتے رہے۔

دھند کی دو اقسام ہوتی ہیں۔ ایک قدرتی جو موسم کی تبدیلی سے وجود میں آتی ہے اور دوسری قسم انسانی سرگرمیوں (Human activities) کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے۔

قدرتی دھند سردیوں کے موسم میں پیدا ہوتی ہے۔ جو صبح بہت گہری ہوتی ہے مگر جیسے جیسے سورج کی تپش بڑھتی جاتی ہے، دھند کی شدت کم سے کم ہو جاتی ہے اور آخرکار بالکل غائب ہو جاتی ہے۔ جب کہ دوسری قسم کی دھند سورج نکلنے کے بعد بھی خاصی دیر تک قائم رہتی ہے۔ اس کی شدت کم ضرور ہو جاتی ہے، مگر یہ مکمل طور پر ختم نہیں ہوتی۔ اس دھند کے انسانی صحت پر بہت خطرناک اثرات پڑتے ہیں۔

انسان کی پیدا کردہ دھند صنعتی آلودگی (Industrial pollution) کی وجہ سے بنتی ہے۔ مختلف کارخانوں سے نکلنے والی سلفر ڈائی آکسائڈ (SO2) بھی اس دھند کے بننے کی وجہ ہے۔ یہ گیس دھند کے ساتھ مل کر کبھی تیزابی بارش کی وجہ بھی بنتی ہے۔

دھند اس وقت اہم ماحولیاتی مسئلہ بن چکی ہے۔ یہ ان مسائل میں سے ہیں۔ جو کسی ایک ملک کی سرحدوں تک محدود نہیں رہتے ایسے مسائل کو ''ٹرانس باؤنڈری مسائل'' کہا جاتا ہے۔ ایسے مسائل کو حل کرنے کے لیے تمام ممالک کو مل کر کوششیں کرنی پڑتی ہیں۔

اب نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں لکھیں۔

(i) بہت زیادہ دھند ہونے سے کیا مشکلات پیش آتی ہیں؟ [4]

(ii) دھند کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟ [6]

(iii): دوسری قسم کی دھند کہ کیا نقصانات ہیں؟ [4]

(iv) قدرتی دھند کب اور کیسے ختم ہوتی ہے؟ [4]

(v) تیزابی بارش کیسے ہوتی ہے؟ [2]

(vi) دھند کس قسم کا مسئلہ ہے اور یہ کیسے ختم کیا جا سکتا ہے؟ [4]

ختم شد